جماعت ہشتم جغرافیہ باب نمبر 1

مختصر سوالات کے جوابات

(i) خطی گراف ، پٹی گراف ، پائی گراف

(ii) زمین کے کسی خاص حصّے یا پوری سطح زمین کو کسی ہموار سطح پر پیمانے کے مطابق منتقل کرنا نقشہ کہلاتا ہے۔

(iii) تقسیمی نقشے میں مقام نگاری کی مناسبت سے ہر شے اپنے اصل مقام پر دکھائی جاتی ہے۔

(iv) 1 تقسیمی نقشے کی مدد سے مقدار اور پیداوار بیک وقت ظاہر کیے جا سکتے ہیں۔

2 تقسیمی نقشوں کو مقدار اور پیداوار کی بنیاد پر تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

(v) اعداد و شمار کو دائروی شکل میں ظاہر کرنے کا طریقہ پائی گراف کہلاتا ہے۔

vi خطی گراف کو دو مقداروں متغیّر اور ثابت سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ متغیر مقداروں کو عمودی خط اور ثابت مقدار کو افقی خط پر ظاہر کیا جاتا ہے۔ عمودی خط پر دی ہوئی مقداروں کو مطلوبہ اعداد و شمار کے مطابق نقطے لگائے جاتے ہیں پھر ان نقاط کو ایک خط کے ذریعے ملا دیا جاتا ہے۔ اعداد و شمار میں کمی بیشی کی وجہ سے یہ خط عام طور پر خم دار ہوتا ہے۔